ویکیپیڈیا میں خوش آمدید

آزاد دائرۃ المعارف جس میں کوئی بھی ترمیم کر سکتا ہے

تعداد مضامین 156,131

ویکیپیڈیا کا تعارف · ترمیم کیسے کریں؟ · اردو میں پڑھنا لکھنا دشوار؟ · اصول و ضوابط اور دیگر حکمت عملیاں · آف لائن نسخہ · اُردو میں ٹائپنگ سیکھنے کے لیے کلک کریں (http://t.urdu.cafe/) · موبائل ویب سائٹ (https://ur.m.wikipedia.org/)



کورونا وائرس کی عالمی وبا، 2019ء - 2020ء · کورونا وائرس کی وبا · مرض · خط زمانی · بلحاظ مقام · اموات · سدباب
باب:کورونا وائرس مرض 2019ء

منتخب مضمون



لاہور صوبہ پنجاب، پاکستان کا دارالحکومت اور دوسرا بڑا شہر ہے۔ اسے پاکستان کا ثقافتی، تعلیمی اور تاریخی مرکز اور پاکستان کا دل اور باغوں کا شہر کہا جاتا ہے۔ یہ شہر دریائے راوی کے کنارے واقع ہے۔ اس شہر کی آبادی ایک کروڑ کے قریب ہے اور یہ ملک کا دوسرا بڑا شہر ہے۔ لاہور کا شمار دنیا کے قدیم اور اہم ترین شہروں میں کیا جاتا ہے۔ زندہ دلان لاہور کے روایتی جوش و جذبے کے باعث اسے بجا طور پر پاکستان کا دل کہا جاتا ہے۔ مغل شہنشاہ جہانگیر کی ملکہ نورجہاں نے لاہور کے بارے میں کہا تھا۔

لاہور رابجان برابر خریدہ ایم جاں دارایم و جنت دیگر خریدہ ایم

لاہور کی انتہائی قدیم تاریخ ہزاروں سال پر پھیلی ہوئی ہے۔ پرانوں کے مطابق رام کے بیٹے راجہ لوہ نے شہر لاہور کی بنیاد رکھی اور یہاں ایک قلعہ بنوایا۔ دسویں صدی تک یہ شہر ہندو راجاؤں کے زیرتسلط رہا۔ گیارہویں صدی میں سلطان محمود غزنوی نے پنجاب فتح کر کے ایاز کو لاہور کا گورنر مقرر کیا، اور لاہور کو اسلام سے روشناس کرایا۔ شہاب الدین غوری نے 1186ء میں لاہور کو فتح کیا۔ بعدازاں یہ خاندان غلاماں کے ہاتھوں میں آ گیا۔ 1290ء میں خلجی خاندان، 1320ء میں تغلق خاندان، 1414ء سید خاندان 1451ء لودھی خاندان کے تحت رہا۔

ظہیر الدین بابر نے 1526ء میں ابراہیم لودھی کو شکست دی جس کے نتیجے میں مغلیہ سلطنت وجود میں آئی۔ مغلوں نے اپنے دور میں لاہور میں عظیم الشان عمارات تعمیر کروائیں اور کئی باغات لگوائے۔ اکبر اعظم نے شاہی قلعہ کو ازسرنو تعمیر کروایا۔ شاہجہان نے شالامار باغ تعمیر کروایا جو اپنی مثال آپ ہے۔ 1646ء میں شہزادی جہاں آرا نے دریائے راوی کے کنارے چوبرجی باغ تعمیر کروایا جس کا بیرونی دروازہ آج بھی موجود ہے۔ 1673ء میں اورنگزیب عالمگیر نے شاہی قلعہ کے سامنے بادشاہی مسجد تعمیر کروائی۔

1739ء میں نادر شاہ اور 1751ء میں احمد شاہ ابدالی نے لاہور پر قبضہ جمایا۔ بعدازاں 1765ء میں سکھوں نے لاہور پر قبضہ کر لیا۔ سکھ دور میں مغلیہ دور کی کئی عمارتوں کو نقصان پہنچایا گیا اور ان کی بے حرمتی کی گئی۔ انگریزوں نے 1849ء میں سکھوں کو شکست دیکر پنجاب کو برطانوی سلطنت میں شامل کر لیا۔

لاہور کو ایک منفرد اعزاز حاصل ہوا کہ 23 مارچ 1940ء کو آل انڈیا مسلم لیگ نے قائداعظم کے زیر صدارت قرارداد پاکستان منظور کی جس کے نتیجے میں 14 اگست 1947ء کو مسلمانوں کو اپنا الگ آزاد ملک پاکستان حاصل ہوا۔

حالیہ واقعات

- پاکستان کی مشہور ٹی وی شخصیت طارق عزیز کا انتقال۔
- مشہور بالی وڈ اداکار سوشانت سنگھ راجپوت نے ممبئی میں اپنے فلیٹ میں خودکشی کی۔
- کراچی، پاکستان میں پی آئی اے پرواز 8303 حادثے کا شکار۔ طیارہ میں کل 91 مسافر تھے جن میں 51 مرد، 31 خواتین اور 9 بچے شامل ہیں۔
- بھارت، بنگلہ دیش اور سری لنگا میں امفان طوفان کا اثر۔
- 190 ممالک میں کورونا وائرس کی وبا سے +8,184,331 انسان متاثر ہو چکے ہیں، جن میں سے +3,966,877 صحت یاب اور 443,960 کی موت واقع ہو چکی ہے۔
-

قدیم لاہور شاہی قلعہ کے ساتھ واقع ہے جسے اندرون لاہور بھی کہا جاتا ہے۔ لاہور کے گرد ایک فصیل موجود تھی جس میں تیرہ دروازے تھے جوکہ سکھوں کے دور تک غروب آفتاب کے ساتھ بند کر دیئے جاتے تھے۔ ان میں سے کچھ دروازوے اب بھی موجود ہیں۔ تیرہ دروازوں کے نام بھاٹی دروازہ، لوہاری دروازہ، شاہ عالمی دروازہ، موچی دروازہ، اکبری دروازہ، یکی دروازہ، شیرانوالہ دروازہ، کشمیری دروازہ، مستی دروازہ، دہلی دروازہ، روشنائی دروازہ، ٹکسالی دروازہ، موری دروازہ ہیں۔

بیسویں صدی میں قدیم لاہور کے مضافات میں کئی جدید بستیوں کا اضافہ ہوا جوکہ اب بھی جاری ہے۔ اردو کے نامور مزاح نگار پطرس بخاری نے اپنے مضمون لاہور کا جغرافیہ میں اس کا حدود اربعہ یوں بیان کیا ہے۔

> ”کہتے ہیں، کسی زمانے میں لاہور کا حدوداربعہ بھی ہوا کرتا تھا، لیکن طلباء کی سہولت کے لیے میونسپلٹی نے اس کو منسوخ کر دیا ہے۔ اب لاہور کے چاروں طرف بھی لاہور ہی واقعہ ہے۔ اور روزبروز واقع تر ہورہا ہے۔ ماہرین کا اندازہ ہے، کہ دس بیس سال کے اندر لاہور ایک صوبے کا نام ہوگا۔ جس کادارالخلافہ پنجاب ہوگا۔ یوں سمجھئے کہ لاہور ایک جسم ہے، جس کے ہر حصے پر ورم نمودار ہورہا ہے، لیکن ہر ورم مواد فاسد سے بھرا ہے۔ گویا یہ توسیع ایک عارضہ ہے۔ جو اس کے جسم کو لاحق ہے۔“

لاہور کے قریب شہر امرتسر، صرف 31 میل دور واقع ہے جو سکھوں کی مقدس ترین جگہ ہے۔ اسکے شمال اور مغرب میں ضلع شیخوپورہ، مشرق میں واہگہ اور جنوب میں ضلع قصور واقع ہیں۔ دریائے راوی لاہور کے شمال مغرب میں بہتا ہے۔

دیگر منتخب مضامین

احتیاطی تدابیر برائے کووڈ-19

منتخب تصاویر کی فہرست

ویلیپیڈیا کا حصہ بنیں!

ویکیپیڈیا ایک آزاد اور کثیر لسانی دائرۃ المعارف ہے جس میں ہم سب مل جل کر لکھتے ہیں اور مل جل کر اس کو سنوارتے ہیں۔ ویکیپیڈیا کا آغاز جنوری سنہ 2001ء میں ہوا، جبکہ اردو ویکیپیڈیا کا

حالیہ واقعات: کورونا وائرس کی وبا – شہریت ترمیمی قانون کے خلاف مظاہرے

حالیہ وفیات: 17 جون - طارق عزیز، پاکستان کی مشہور ٹی وی شخصیت، اداکار اور شاعر · 14 جون - سوشانت سنگھ راجپوت، بھارت کے اداکار۔ · 19 مئی – سعید احمد پالن پوری، بھارتی عالم دین · 20 مئی – شاہین رضا، پاکستانی سیاست دان · 10 مئی – اطہر شاہ خان جیدی، پاکستانی اداکار · 2 مئی – اللہ یار انصاری، پاکستانی سیاست دان

حالیہ وفیات

منتخب فہرست

ویکیپیڈیا:منتخب فہرست/2020/ہفتہ 30

کیا آپ جانتے ھے

- ... انسانی تاریخ میں سب سے پہلے گاڑی چلانے والی خاتون برتھا بنز (تصویر میں) تھیں؟
- ... کتب خانہ اسکندریہ کو 48 ق م میں ایک سے زائد مرتبہ جلایا جا چکا ہے تاہم اس وقت کتب خانہ میں کتب کی تعداد 700,000 کے آس پاس تھی؟
- ... آئین ہند دنیا میں کسی بھی آزاد ملک کا سب سے ضخیم مکتوب دستور ہے؟
- ... صدر ترکمانستان صفر مراد نیازاف نے اپنی مقدس کتاب روح نامہ کے لیے ملک میں مہینوں اور ہفتوں کے نام تبدیل کرنا شروع کیے؟
- ... روبیک کیوب دنیا میں سب سے زیادہ بکنے والا پہیلی گیم ہے؟
- ... قرآن میں نبی موسیٰ کا نام 136مرتبہ مذکور ہے، نبی عیسیٰ کا نام 25 مرتبہ مذکور ہے اور نبی محمد کا نام صرف چار مرتبہ مذکور ہے؟

آج کا لفظ

عموماً کہا جاتا ہے: مطالعہ کے **دوران** یہ واقعہ نظر سے گزرا

لیکن درست جملہ یوں ہوگا: مطالعہ کے **دوران میں** یہ واقعہ نظر سے گزرا

واضح رہے کہ: لفظ دوران کو میں کے بغیر استعمال کرنا ہندی زبان میں رائج ہے، نیز دوران میں کا

اجرا جنوری سنہ 2004ء میں عمل میں آیا۔ اس وقت اردو ویکیپیڈیا میں 156,131 مضامین موجود ہیں۔

ہمارے ساتھ شامل ہوں

اگر آپ کا کھاتہ پہلے سے ہے تو براہ کرم لاگ ان ہوں
کیا آپ نے ابھی تک کھاتہ نہیں بنایا؟ ابھی بنائیں

ویلییڈیا میں تلاش

بنیادي سائنس
فلکیات · حیاتیات · ارضیات · انجینئری · شماریات · طبیعیات · ریاضیات · کیمیاء · علوم فطریہ · زمینیات

اطلاقي سائنس
ابلاغیات · معاشیات · طب · کمپیوٹر· قانون· علوم صحت · طرزیات · زراعت · نظامت

ادبیات
ادب · آثار قدیمہ · تاریخ · عمرانیات· مذاہب و عقائد· نفسیات · لسانیات · سیاسیات · فلسفہ

فنون لطیفہ اور ثقافت
معماری · فنیات· مشاغل · رقص· کھیل· مصوری · ادب · تفریح · موسیقی · رسوم · مجسمہ سازی · جلوہ گاہ · فلم

استعمال اردو کے تمام مسلم الثبوت اساتذہ کے یہاں ملتا ہے۔

ویکشنری · فہرست الفاظ

کیا آپ بھی لکھنا چاہتے ہیں؟

اردو ویکیپیڈیا پر اس وقت 156,131 مضامین موجود ہیں، اگر آپ بھی کسی موضوع پر مضمون لکھنا چاہتے ہیں تو پہلے اس صفحۂ تلاش پر جاکر عنوان لکھنے اور تلاش کرنے کی کوشش کریں، ممکن ہے آپ کا مطلوبہ مضمون پہلے سے موجود ہو۔ اگر مضمون موجود نہ ہو تو ذیل کے خانہ میں وہ عنوان درج کریں اور نیا مضمون تحریر کریں۔

نئے مضمون کا عنوان یہاں درج کریں

تخلیق کریں

بذریعہ وڈیو رہنمائی

ویلییڈیا دیلر زبانوں میں

ویکیپیڈیا دنیا کی مختلف زبانوں میں بیک وقت شائع ہوتا ہے۔ اصل ویکیپیڈیا کا آغاز انگریزی میں 2001ء میں ہوا۔ اردو ویکیپیڈیا فی الوقت 156,131 مضامین پر مشتمل ہے۔ بہت سے دیگر ویکیپیڈیا بھی موجود ہیں؛ جن میں سے کچھ بڑے ویکیپیڈیا درج ذیل ہیں:

- 1,000,000 سے زائد مضامین: español · italiano · русский · Nederlands · français · Deutsch · svenska · English · 中文 · 日本語 · Tiếng Việt · polski · · العربية · українська · português
- 400,000 سے زائد مضامین: مصری · فارسی · · suomi · 한국어 · Bahasa Indonesia · norsk · српски / srpski · català · Bân-lâm-gú · română · srpskohrvatski / српскохрватски · čeština · magyar
- 200,000 سے زائد مضامین: հայերեն · Esperanto · Bahasa Melayu · Türkçe · euskara · עברית · · нохчийн · dansk · български · تۆرکجه · lietuvių · eesti · hrvatski · қазақша · slovenčina
- 100,000 سے زائد مضامین: · azərbaycanca · galego · Simple English · slovenščina · Ελληνικά · беларуская · Volapük · தமிழ் · Cymraeg · Latina · oʻzbekcha/ўзбекча · ქართული · ไทย · हिन्दी · norsk nynorsk · тоҷикӣ · latviešu · македонски · татарча/tatarça · asturianu

ویکیپیڈیاؤں کی مکمل فہرست

ویکیپیڈیا صحت و معتبریت کی کوئی ضمانت فراہم نہیں کرتا۔

موسسہ ویکیمیڈیا ویکیپیڈیا پر موجود مواد کی صحت کا ذمہ دار نہیں ہے۔ ہر ترمیم کنندہ خود اپنی ترمیم کا ذمہ دار ہے۔

مدد کی ضرورت ہے؟ ہم سے رابطہ کریں!

مضامین بلحاظ حروف تہجی	ا	ب	پ	ت	ٹ	ث	ج	چ	ح	خ	د	ڈ	ذ	ر	ڑ	ز	ژ	س			
	ش	ص	ض	ط	ظ	ع	غ	ف	ق	ک	گ	ل	م	ن	و	ھ	ی	ے			

ہمارے ساتھ سماجی روابط کی ویب سائٹس پر شامل ہوں: اور

اخذ کردہ از «https://ur.wikipedia.org/w/index.php?title=صفحۂ_اول&oldid=4147404»

تمام متن کریئیٹیو کامنز انتساب/ یکساں-شراکت اجازت نامہ کے تحت دستیاب ہے، اضافی شرائط بھی عائد ہو سکتی ہیں۔ تفصیل کے لیے استعمال کی شرائط ملاحظہ فرمائیں۔ ویکیپیڈیا® ایک غیر منفعت بخش تنظیم ویکیمیڈیا فاؤنڈیشن انکارپوریشن کا تجارتی مارکہ ہے۔